مطبوعات

ماہنامہ بتول | زیر ادارت محترمہ حمیدہ بیگم صاحبہ و محترمہ درخشندہ کوکب صاحبہ - زر سالانہ ۵ روپے - جاری کردہ:
حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان، ملنے کا پتہ ۴ - اسے، ذیلدار پارک، اچھرہ - لاہور

اس سرزمین پاک میں جس سرعت اور برق رفتاری سے فحاشی بے حیائی اور صنفی انارکی کا طوفان اٹھ رہا ہے وہ ملک کے ہر بہی خواہ کے لیے انتہائی پریشان کن ہے - اس سیلاب کی لپیٹ میں پہلے تو بازار اور دربار تھے لیکن اب اس ظالم نے گھروں کا رخ کر لیا ہے یہ صورت حال حد درجہ تشویش ناک ہے اور ہر ہوشمند انسان کو اس کے تدارک کی فکر کرنی چاہیے - اگر خدانخواستہ اس کی بروقت روک تھام نہ کی گئی تو یہ ہمارے پورے معاشرہ کو تباہ کر دیگا اور پھر اس قوم کے اندر کسی خیر اور بھلائی کو فروغ دینے کی صلاحیت باقی نہ رہے گی - اس سلسلہ میں جس قدر ذمہ داری مردوں پر ہے، اس سے کہیں زیادہ یہ خواتین پر عائد ہوتی ہے - یہ وہ پر آشوب وقت ہے جس میں ہر شخص کو جو کچھ کہ وہ کر سکتا ہے کر گزرنا چاہیے - چنانچہ وقت کی اس اہم پکار کے پیش نظر جماعت اسلامی حلقہ خواتین نے ماہنامہ بتول جاری کیا ہے - پرچہ کے مضامین میں کافی تنوع ہے - اداریہ، مقالات اور غزلوں کے علاوہ "آئیے کپڑے دھوئیں"، "امیری غریبی دستر خوان"، "کشیدہ کاری، خبر و نظر کے عنوانات کافی دلچسپ اور معلومات افزا ہیں - اگر ان مفید موضوعات کے ساتھ ساتھ چند اور چیزوں کو بھی درج کر دیا جائے تو اس سے پرچہ کی افادیت بہت بڑھ سکتی ہے - مثلاً قرآن حکیم اور سنت رسول میں معاشرتی زندگی کے لیے جن آیات اور احادیث ملتی ہیں ان کا اندراج بمعہ ترجمہ اور تشریح ضروری ہے - اس کے علاوہ امت نے سیرت و کردار کے جو بلند نمونے مسلم خواتین میں پیدا کیے ہیں اُن کا تذکرہ بھی مفید ہے - پرچہ کا موجودہ معیار حوصلہ افزا ہے اور اگر اس کو اور بلند کر دیا جائے تو یہ بہت زیادہ خیر و برکت کا موجب ہوگا -

---